## سوال

زکوات

## جواب

زیورات کی زکوۃ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگر میری بیوی اپنا زیوراپنی تین بچیوں کے نام کر کے رکھ دے تو کیا پھر بھی زکوۃ دینی پڑے گی۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اگر توزکوۃ سے بچنے کے لئے یہ حیلہ کیا گیا ہے توایسا کرنا بالکل ناجائزاور حرام ہے، لیکن اگر کسی ضرورت کے تحت وہ زیورات اپنی بیٹیوں کوہبہ کردیئے ہیں اوراپنے استعمال میں نہیں رکھے توپھر ہر ایک بیٹی کا نصاب پورانہ ہونے کی صورت میں اس پر زکوۃ نہیں ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث